بسم  الله  الرحمن  الرحيم

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

باذن الله  تعالى

🍃 Lecture by Ustaza
Dr. Farhat Hashmi

🍃 Sahih Bukhari (صحيح البخارى )

🍃 Lesson # 63

📘Topic:- Merits of the Helpers in Madinah (Ansaar)

كتاب مناقب الأنصار

▶Duration:- 21:41 Minutes⏰

🍃📆 Monday, 15th June 2020

⭐✨⭐

باب مَنَاقِبُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ رضى الله عنه (12)

باب: سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے فضائل کا بیان۔

(12) Chapter: The merits of
Sa'd bin Mu'adh رضي الله عنہ

سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ قبیلہ اوس کے سردار تھے۔ ✨

انکی کنیت ابو عمر تھی۔ ✨

وہ لمبے قد اور بھاری بھر کم جسم کے مالک تھے ۔ ✨

جنگ بدر کے دن وہ صاحب پرچم تھے۔ان کے ہاتھ میں اوس کا جھنڈا تھا۔ ✨

سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ ان لوگوں میں سے تھے جو جنگ احد کے دن ثابت قدم رہے۔ ✨

آپ نے مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا ۔انکے اسلام قبول کرنے کی وجہ سے انکےقبیلے کے تمام ✨
مرد اور عورتیں اسلام میں داخل ہوگئے ۔ وہ انکے سردار تھے۔

عرش کیا ہے ؟ 🌌

اللہ تعالیٰ کی تمام تخلیقات میں سب سے بڑی تخلیق عرش ہے۔ 🌟

عرشِ الٰہی ساری تخلیقات کی چھت ہے۔ 🌟

اللہ سبحان و تعالی عرش پر مستوی ہے۔ 🌟

عرش سب مخلوق سے پہلے بنا تھا۔ 🌟

اللہ تعالی نے 4 چیزیں اپنے ہاتھ سے بنائیں، ١ عرش، ٢ قلم ، ٣ آدم علیہ السلام اور ٤ جنت عدن۔ 🌟

عرش کی مقدار اللہ تعالی کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ 🌟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " پس تم اللہ سے سوال کرو تو جنت الفردوس کا کرو کیونکہ وہ جنت کا درمیانی اور بلند ترین حصہ ہے ، اس کے اوپر رحمان کا عرش ہے اور اس ( جنت الفردوس ) سے جنت کی نہریں نکلتی ہیں "۔ 🌟

ساتویں آسمان اور عرش کے درمیان 70 ہزار حجاب ہیں اور ایک آسمان سے دوسرے آسمان تک کا فاصلہ 500 سال کا ہے۔ 🌟

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ " اللہ تعالی نے ساتویں آسمان کے اوپر پانی بنایا ہے اور اسکے اوپر عرش ہے۔ 🌟

عرش کو 4 فرشتوں نے اٹھا رکھا ہے اور قیامت کے دن 8 فرشتے ہونگے۔ 🌟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے اجازت دی گئی ہے کہ میں عرش اٹھانے والے فرشتوں میں سے ایک فرشتے کے بارےمیں بیان کروں کہ اسکے کانوں کی لَو سے کندھے تک کا فاصلہ 700 سال کی مسافت کے برابر ہے ۔ 🌟

حاملینِ عرش اللہ کی حمد و ثناء کرتے ہیں، ایمان والوں کے لئے استغفار کرتے ہیں اور ایک دوسرے کو اچھی اور نرم آواز میں جواب دیتے ہیں ۔ 🌟

عرش کے اوپر اللہ کے پاس ایک کتاب ہے اور وہ " لوح محفوظ " ہے۔ اس میں ہر چیز کے ساتھ ایک اہم بات بھی لکھی ہے کہ : 🌟

" میری رحمت میرے غضب پر حاوی ہے "

عرش کا سایہ بھی ہے اور قیامت کے دن اس کے سائے تلے وہ لوگ ہونگے جو اللہ کی خاطر ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں ۔ 🌟

عرش کے نیچے خزانہ بھی ہے۔ جن میں سے زمین پر "سورہ البقرہ کی آخری آیات" اور " لا حول ولا قوۃ إلا باللہ " نازل ہوئی۔ 🌟

ایک صحابی کی وفات پر عرش الٰہی ( خوشی سے ) جھوم اٹھا اور وہ ہیں سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ ۔ 🌟

💫سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی اہم خدمات 💫

✨ جنگ بدر کے موقعے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار کی رائے معلوم کرنے کے لیے فرمایا" اے لوگوں مجھے مشورہ دو"۔

✨ اس پر سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے انتہائی پراثر الفاظ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حوصلہ افزائی کی اور فرمایا:

" اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ ادھر روانہ ہوجائیں جدھر کا آپ ارادہ رکھتے ہیں، ہم آپ کے ساتھ ہیں۔قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے، اگر آپ ہمیں سمندر کی طرف بھی لے جائیں پھر اس میں داخل ہوجائیں تو ہم پوری رضامندی اور خوشی سے آپ کے ساتھ داخل ہوجائیں گے ۔"

✨ انہوں نے صرف اپنی ذات کی طرف سے ہی نہیں بلکہ اپنے پورے قبیلے کی طرف سے ساتھ دینے کا وعدہ کیا۔
⚡✨⚡✨⚡✨⚡✨⚡

Manaqib e Sa'd bin Ma'az RA(Part 1)

⚡✨⚡✨⚡✨⚡✨⚡